خبروں کا اعلامیہ

تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان کی مدد کے لیے گرانٹ

20 ستمبر، 2022

البرٹا کینیڈین ریڈ کراس کو 500,000 ڈالر تک کی مماثل گرانٹ کی فراہمی کے ساتھ پاکستان میں تباہ کن سیلاب کے متاثرین کی مدد کرنے کی کوششوں میں شامل ہو رہا ہے۔

اس گرانٹ کا مطلب یہ ہوگا کہ البرٹا کے باشندےاور البرٹا کی تنظیمیں کینیڈین ریڈ کراس کو جو بھی عطیہ دیں گی، حکومت البرٹا کی طرف اس کے بالمقابل ہر ڈالر کے بدلے ڈالر ، زیادہ سے زیادہ 500,000$ تک کا عطیہ، دیا جائے گا۔ یہ فنڈز کینیڈین ریڈ کراس کو پاکستان میں لاکھوں لوگوں کو سہارا فراہم کرنے میں مدد کریں گے، جہاں سیلاب، اچانک سیلاب (فلیش فلڈز) اور لینڈ سلائیڈنگ سے 30 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے، 1,200 سے زائد افراد ہلاک اور ہزاروں زخمی اور بے گھر ہوئے۔

" پاکستان میں اس انسانی بحران سے گزرنے والے لاکھوں لوگوں کی مدد کے لیے البرٹنز اپنا ہاتھ بڑھا رہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ یہ گرانٹ البرٹا کے باشندوں کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اس آفت سے متاثر ہونے والوں کی مدد کے لیے جتنا دے سکتے ہیں، اتنا دے پائیں۔ البرٹا کا تعاون ریڈ کراس کی ضروری امدادی اشیاء جیسے خوراک، پناہ گاہ، پانی اور ادویات فراہم کرنے کی کوششوں میں مدد کرے گا۔"

جیسن کینی، پریمیئر *(Jason Kenney, Premier)*

"سیلاب نے پاکستانی عوام کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا، جہاں ہزاروں اپنی جگہ سے مجبوراً منتقل ہوئے، زخمی ہوئے اور بے گھر ہوئے۔ البرٹا کی حکومت مہینوں کی شدید بارشوں اور سیلاب سے تباہ ہونے والے ملک کی مدد کے لیے فنڈ اکٹھا کرنے کے لیے البرٹا کے لوگوں کے فراخدلانہ عطیات کے بالمقابل، برابر کی رقم عطیہ کرے گی۔ جیسے جیسے خاندان اور بچے اس آفت سےبحال ہو کر اپنی زندگیوں کی تعمیر نو شروع کرتے ہیں، کینیڈین ریڈ کراس کی مدد سے ہم ان کو بہت زیادہ ضروری امداد فراہم کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔"

ریک میک آئور، وزیر بلدیات *(Ric McIver, Minister of Municipal Affairs)*

"البرٹنس فیاض ہیں اوراپنے ملک میں اور دنیا بھر میں قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے باقاعدگی سے سامنے آتے ہیں۔ مون سون (Monsoon) کی مسلسل بارشوں نے پاکستان میں تباہی مچا دی ہے، اور میں شکر گزار ہوں کہ کینیڈین ریڈ کراس کے ذریعے البرٹنز کے عطیات ہزاروں لوگوں کی مدد کریں گے، جب کہ وہ اپنی بحالی کا آغاز کر رہے ہیں۔"

محمد یاسین، امیگریشن اور ملٹی کلچرلزم کے ایسوسی ایٹ وزیر *(Muhammad Yaseen, Associate Minister of Immigration and Multiculturalism)*

متعلقہ معلومات

[البرٹا کے باشندے پاکستان فلڈز اپیل *(Pakistan Floods Appeal)* کو عطیہ دے سکتے ہیں]

اسکاٹ جانسٹن Scott Johnston
پریس سیکریٹری Press Secretary
فون: 780-918-4284
ای میل: scott.johnston@gov.ab.ca

خبروں کا اعلامیہ

"مون سون کی ریکارڈ توڑ بارشیں پاکستان میں لاکھوں لوگوں کی زندگیوں اور معاش کو خطرے میں ڈال رہی ہیں۔ البرٹا کے لوگوں کی طرف سے کینیڈین ریڈ کراس کی **پاکستان فلڈز اپیل** کے **(Pakistan Floods Appeal)** لیے عطیات، اور حکومت البرٹا کی طرف سے بالمقابل مقدار میں رقم کا عطیہ، اس انتہائی مشکل وقت میں پاکستان میں لوگوں کی مدد کے لیے ہنگامی امداد اور بحالی کی کوششوں میں مدد کریں گے۔ ریڈ کراس تعاون کے لیے شکر گزار ہے۔"

.

جین میک مینس، کینیڈین ریڈ کراس کی نائب صدر برائے البرٹا اور شمال مغربی علاقوں
(Jenn McManus, Canadian Red Cross vice president for Alberta and the Northwest Territories)

البرٹنز درج ذیل پر جا کر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں یا عطیہ دے سکتے ہیں: https://www.redcross.ca/about-us/media-news/news-releases/canadian-red-cross-launches-pakistan-floods-appeal

فوری حقائق

- 29اگست، 2022 کو، کینیڈا کی حکومت نے پاکستان میں انسانیت پسند امداد کے لیے 5 ملین ڈالر کی فنڈنگ کا وعدہ کیا تھا۔ یہ 19 اگست، 2022 کو یو این سنٹرل ایمرجنسی رسپانس(UN Central Emergency Response) کی طرف سے دی گئی ، کینیڈا کے 3 ملین امریکی ڈالر کے علاوہ ہے۔
- *پاکستان فلڈز اپیل (Pakistan Floods Appeal)* کے لیے جمع کی گئی رقم ریڈ کراس اور ریڈ کریسنٹ کو سیلاب کی تباہی کے جواب میں پاکستان میں مدد، بحالی اور لچک کی سرگرمیاں فراہم کرنے کے قابل بنائے گی۔